www.PapaCambridge.com

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education Advanced Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **May/June 2012**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

*9991353713*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصّے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصّے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔
اپنے جواب اردو میں لکھیں۔
آپ کا ہر جواب **500** سے **600** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

© UCLES 2012

UNIVERSITY *of* CAMBRIDGE
International Examinations

**[Turn over**

www.PapaCambridge.com

## Section 1

## پہلا حصّہ

**1** *Ghazlein*

### ا۔ غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

تا بہ مقدور انتظار کیا
دل نے اب زور بے قرار کیا
ہم فقیروں سے بے ادائی کیا
آن بیٹھے جو تم نے پیار کیا
یہ توہّم کا کارخانہ ہے
یاں وہی ہے جو اعتبار کیا
دشمنی ہم سے کی زمانے نے
کہ جفاکار تجھ سا یار کیا
سخت کافر تھا جس نے پہلے میرؔ
مذہب عشق اختیار کیا

میر تقی میرؔ

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** ''سادگی اور سلاست میرؔ کی شاعری کی خصوصیات ہیں۔'' مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ''ذوقؔ کی شاعری میں زبان کی خوبصورتی بھی ہے اور مضامین کی رنگارنگی بھی۔'' بحث کیجیے۔

[25]

www.PapaCambridge.com

**2 *Nazmein***

## میں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

**(الف)**

ان گنت صدیوں کے تاریک بہیمانہ طلسم
ریشم و اطلس و کم خواب میں بنوائے ہوئے
جا بجا بکتے ہوئے کوچہ و بازار میں جسم
خاک میں لتھڑے ہوئے، خون میں نہلائے ہوئے
لوٹ جاتی ہے ادھر کو بھی نظر کیا کیجیے
اب بھی دلکش ہے ترا حسن، مگر کیا کیجیے
اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبّت کے سوا
راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا

مجھ سے پہلی سی محبت مری محبوب نہ مانگ

فیض احمد فیضؔ

**(i)** اس نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

**(ii)** مندرجہ بالا نظم کے حوالے سے فیضؔ کی شاعری پر تبصرہ کیجیے۔

یا

**(ب)** آپ اس بات سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں کہ نظیر اکبر آبادی ایک عوامی شاعر تھے؟ وجوہات دے کر اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

[25]

3 *Nazmein*

www.PapaCambridge.com

## نظمیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

یہ لڑکا پوچھتا ہے ، اخترؔ الایمان تم ہی ہو ؟
یہ لڑکا پوچھتا ہے جب ، تو میں جھلاّ کے کہتا ہوں
وہ آشفتہ مزاج ، اندوہ پرور ، اضطراب آسا
جسے تم پوچھتے رہتے ہو ، کب کا مرچکا ظالم
اسے خود اپنے ہاتھوں سے کفن دے کر فریبوں کا
اسی کی آرزوؤں کی لحد میں پھینک آیا ہوں
میں اس لڑکے سے کہتا ہوں ، وہ شعلہ مر چکا جس نے
کبھی چاہا تھا ، اک خاشاکِ عالم پھونک ڈالے گا
یہ لڑکا مسکراتا ہے ، یہ آہستہ سے کہتا ہے
یہ کذب و افترا ہے ، جھوٹ ہے ، دیکھو میں زندہ ہوں

ایک لڑکا۔ اخترالایمان

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** مندرجہ بالا نظم اخترالایمان کی شاعری کی کس حد تک نمائندگی کرتی ہے؟

**یا**

(ب) ''مجازؔ نے اردو شاعری کو ایک نیا رنگ عطا کیا ہے۔'' نصاب میں شامل مجازؔ کی نظموں کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

[25]

www.PapaCambridge.com

## Section 2

## دوسرا حصّہ

**4** *Umrao Jan Ada*, Mirza Ruswa

### ۴۔امراؤ جان ادا، مرزا رسوا

(الف) کیا ایک طوائف بھی عزت دار ہو سکتی ہے؟ امراؤ جان ادا کے حوالے سے اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) ''خانم جیسے کردار معاشرے میں برائیوں کا سبب ہیں۔'' اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

[25]

**5** *Afsané*

### ۵۔افسانے

(الف) افسانہ نظارہ درمیاں ہے میں الماس بیگم کے کردار کے مثبت اور منفی پہلوؤں پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) '' غربت تمام مسائل کی جڑ ہے'' نصاب میں شامل کم از کم دو افسانوں کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

[25]

**6** *Anar Kali*, Imtiaz Ali Taj

### ۶۔انارکلی، امتیاز علی تاج

(الف) '' انارکلی کی موت اکبر کے انصاف کی ایک اعلیٰ مثال ہے۔'' بحث کیجیے۔

یا

(ب) '' امتیاز علی تاج کے انداز تحریر نے ڈرامہ انارکلی کو حقیقت کا رنگ دے دیا ہے۔'' بحث کیجیے۔

[25]

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

*Copyright Acknowledgements:*

Question 1 © Nasir Kazmi; *Intekhab-e-Mir*; Jahangir Book Depot; 2001.
Question 2 © Dr Saleem Akhtar; *Naya Urdu Nisab A Level*; Sang-e-Meel; 2003.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of